# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 02 April 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **بینکوں سے وابستہ مالی لین دین کومزید آسان بنانے کے لیے پالیسی وضع کرنا ضروری ‘ وزیراعظم نریندر مودی**

☆ **لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل تیز**

☆ **کمرشیل ایل پی جی سلینڈر کی قیمتوں میں کمی جبکہ ریاست میں بجلی کے نرخ میں 10 / فیصد اضافہ**

**اور**

☆ **لاتور ضلعے میں پانی کی مرکزی پائپ لائن سے غیر قانونی نل کنکشن کاٹنے کی مہم شروع**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں بینکوں سے وابستہ مالی لین دین کومزید آسان بنانے کے لیے پالیسی وضع کرنے کی ضرورت ہے۔ بھارتیہ ریزروبینک RBI کے قیام کو 90/ سال مکمل ہونے کے موقعے پر کل ممبئی میں منعقدہ تقریب میں وہ اظہارخیال کررہے تھے۔ اِس موقعے پر گورنر رمیش بَیس ‘ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے ‘ مرکزی وزیر برائے مالیات نِرملاسیتارمن ‘ آر بی آئی کے گورنرشکتی کانت داس ‘ نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نیز اجیت پوار بھی موجود تھے۔ اپنی تقریر میں وزیراعظم نے مزید کہا کہ بھارت کا بینکنگ نظام دنیا بھر میں مثالی بینکنگ نظام مانا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آر بی آئی کی وجہ سے دیہی معیشت کو بھی فروغ ملا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی معیشت کو پائیدار اور تیزی سے فروغ پانے والی معیشت بنانے کے لیے آر بی آئی کو مسلسل اقدام کرنا ہوں گے۔ اِس موقعے پر 90/ روپے کے مخصوص سکے کی نقاب کشائی بھی وزیراعظم کے ہاتھوں کی گئی۔

***** ***** *****

لوک سبھا چُناؤ کے دوسرے مرحلے میں امیدواروں کی جانب سے پرچہٗ نامزدگی داخل کرنے کا عمل تیز ہوگیا ہے۔ پربھنی لوک سبھا حلقہ انتخاب کے لیے راشٹر سماج پارٹی کے رہنما اور عظیم اتحاد کے امیدوار مہادیو جانکر نے کل پرچہٗ نامزدگی داخل کیے۔ اِس موقع پر منعقدہ جلسے میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نیز دیویندر پھڑنویس ' سابق وزیر پنکجا منڈے ' ببن راؤ لونیکر اور سدا بھاؤ کھوت سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ آزاد امیدوار گووند دیشمکھ نے 4 ؍ اور آزاد امیدوار اپا صاحیب کدم نے بھی کل 2 ؍ امیدواری عرضیاں داخل کی۔ اِس سے قبل 2 ؍ آزاد امیدوار اپنے پرچہ نامزدگی داخل کر چکے ہیں۔ خیال رہے کہ اِس مرحلے میں پرسوں 4 ؍ تاریخ تک پرچہ نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی لوک سبھا حلقہ انتخاب میں کل ابھونو بھارت جن سیوا پارٹی کے روی جادھو نے ایک امیدواری درخواست داخل کی۔ ہنگولی حلقہ انتخاب میں اب تک 2 ؍ درخواستیں داخل کی جا چکی ہیں۔

ناندیڑ لوک سبھا حلقہ انتخاب میں کل 2 ؍ درخواستیں داخل کی گئی۔ جس میں کانگریس پارٹی کی جانب سے وسنت راؤ چوہان اور آزاد امیدوار کے طور پر مہارُدر پوپ رایت کرنے درخواست داخل کی ہے۔ ناندیڑ حلقہ انتخاب میں اب تک 5 ؍ درخواستیں داخل کی جا چکی ہیں۔

ایوت محل- واشم اور بلڈھانہ حلقہ انتخاب میں کل فی حلقہ ایک ایک پرچہ نامزدگی داخل کی گئی۔

***** ***** *****

تیل کمپنیوں نے 19 ؍ کلو وزنی کمرشیل ایل پی جی سلینڈر کی قیمتوں میں 30 ؍ سے 32 ؍ روپئے کی تخفیف کی ہے۔ اب ممبئی میں ایک کمرشیل سلنڈر کی قیمت ایک ہزار 717 ؍ روپئے ہوگی۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سے بجلی کے نرخ میں 10 ؍ فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مہاراشٹر اسٹیٹ بجلی ریگولیٹری کمیشن نے مارچ 2023ء کے حکم نامے کے مطابق یہ اضافہ کیا ہے۔ اِس کے مطابق 2 ؍ سال کے لیے 2 ؍ مرحلوں میں بجلی کے نرخ بڑھائے جائیں گے۔ گھریلو سنگل فیز کنکشن کے لیے اب 116 ؍ روپئے کے بجائے 128 ؍ روپئے وصول کیے جائیں گے۔ اِسی طرح تھری فیز کے لیے 385 ؍ روپئے کے بجائے 425 ؍ روپئے وصول کیے جائیں گے۔ کمرشیل کنکشن ہولڈرس سے اب 470 ؍ روپئے کے بجائے 517 ؍ روپئے وصول کیے جائیں گے۔

اِسی دوران ریاستی وزیر برائے توانائی دیویندر پھڑنویس نے واضح کیا ہے کہ مہاراشٹر بجلی ریگولیٹری بورڈ کے طئے کردہ نرخ کے مطابق بجلی کے نرخ طئے کیے گئے ہیں۔ وہ کل ناگپور میں ذرائع ابلاغ سے مخاطب تھے۔ جناب پھڑنویس نے بتایا کہ چھوٹے صارفین پر اِس اضافے کا بوجھ نہ پڑے اِس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے نرخ نامہ تیار کیا گیا ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

لاتور ضلعے میں پانی کی مرکزی پائپ لائن سے غیر قانونی نل کنکشن کاٹنے کے لیے میونسپل کارپوریشن آج سے مہم شروع کرنے جارہا ہے۔ اِس وجہ سے آج دھنے گاؤں آبی پُشتے سے شہر کو آب رسانی نہیں کی جائے گی۔ لاتور میونسپل کارپوریشن نے شہریان سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔ خیال رہے کہ پانی کی مذکورہ پائپ لائن میں کئی جگہوں پر چھیڑ چھاڑ کرکے پانی چوری کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے جس کا خاتمہ کرنے کے مقصد سے یہ کارروائی کی جارہی ہے۔ اِسی دوران لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے شہریان سے ممکنہ پانی کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے پانی کا استعمال نہایت کفایت شعاری سے کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے گریجویشن امتحانات آج سے شروع ہورہے ہیں۔ جبکہ پوسٹ گریجویشن امتحانات آئندہ 16/ تاریخ سے شروع ہوں گے اور دیگر کورسیس کے امتحانات آئندہ 29/ تاریخ سے شروع ہوں گے۔ اِن امتحانات کے لیے 105/ مراکز بنائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر نیز ضلع چُناؤ افسر دلیپ سوامی نے ڈاک کے ذریعے رائے دہی کے عمل کا بہترین بندوبست کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل اِس خصوص میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ میں اظہار خیال کررہے تھے۔ انھوں نے الیکشن ڈیوٹی پر مامور افسران و ملازمین کو بتایا کہ چُناؤ کمیشن نے 85/ سال سے زیادہ عمر کے شہریان اور معذور رائے دہندگان کو ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کی سہولت دی ہے۔ لہٰذا اِس کام کے لیے وقت کا تعین کرتے ہوئے بہترین منصوبہ بندی کریں۔

***** ***** *****

ہنگولی لوک سبھا حلقے انتخاب میں رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے بیداری رتھ نکالا گیا ہے۔ اسسٹنٹ الیکشن ریٹرننگ آفیسر اُما کانت پاردھی نے کل اُس رتھ کو ہری جھنڈی دکھائی۔ ساتھ ہی انھوں نے ایک اور پروگرام کا آغاز کیا جس میں ایک دستخطی بورڈ پر دستخط کرنا ہے جس پر لکھا ہے'' میں ووٹ ضرور دونگا '' ۔ رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کرنے کے لیے نکالا گیا رتھ شہر کے تمام حصوں اور دیہی علاقوں میں جا کر رائے دہی سے متعلق عوام کی معلومات میں اضافہ کرے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں ریکارڈ ٹیکس وصولی ہونے پر منتظم جی شری کانت نے تمام افسران و ملازمین کی ستائش کی ہے۔ ساتھ ہی اُنھوں نے نئے مالی سال میں 500/کروڑ روپئے ٹیکس وصولی کا ہدف مقرر کرنے کی اپیل بھی کی۔ میونسپل کارپوریشن نے گزشتہ مالی سال میں املاک ٹیکس اور پانی پٹی کی مد میں 480/کروڑ روپئے ٹیکس وصول کرنے کا ہدف مقرر کیا تھا۔ اِس میں سے میونسپل کارپوریشن کو 182/کروڑ 78/لاکھ روپئے موصول ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

مہاوِترن کمپنی نے چھترپتی سنبھاجی نگر میں شاہ گنج علاقے کے 10/بجلی صارفین کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ شاہ گنج شاخ کے اسسٹنٹ انجینئر سنبھاجی اتھرگن اور اُن کے دستے نے شاہ گنج میں بجلی صارفین جانچ مہم چلائی تھی جس میں اِن 10/صارفین نے ایک لاکھ 40/ہزار 143/روپئے کی بجلی چوری کرنے کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ مذکورہ صارفین کو بجلی کے بل دینے کے باوجود انھوں نے ٹال مٹول سے کام لیا۔ جس کے بعد اُن کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

ٹوکیو اولمپک کے ویٹ لفٹنگ زمرے میں تمغہ جیتنے والی میرابائی چانو پیرس اولمپک کے لیے اہل قرار دی گئی ہے۔ اِس سال ہونے والے پیرس اولمپک کے لیے اہل قرار پانے والی میرابائی چانو واحد بھارتی کھلاڑی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ 41/ڈگری سیلسیس درجہ حرارت شولاپور میں درج ہوا ۔اِسی طرح بیڑ ' اکولا اور جلگاؤں میں کل 40/ڈگری سیلسیس درجہ حرات درج ہوا۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں کل 38/اعشاریہ 4/ڈگری درجہ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ بینکوں سے وابستہ مالی لین دین کو مزید آسان بنانے کے لیے پالیسی وضع کرنا ضروری ' وزیراعظم نریندر مودی

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل تیز

☆ کمرشیل ایل پی جی سلینڈر کی قیمتوں میں کمی جبکہ ریاست میں بجلی کے نرخ میں 10/ فیصد اضافہ

اور

☆ لاتور ضلعے میں پانی کی مرکزی پائپ لائن سے غیر قانونی نل کنکشن کاٹنے کی مہم شروع

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆